04/03/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ حکومت جموں کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرانے کے مطالبے کو پورا کرنے کی وعدہ بندہے اور اس حوالے سے کوششیں جاری رکھی جائینگی۔ جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ یہ اجلاس محض ایک رسم نہیں ہے بلکہ یہ بہتر حکمرانی ، شفافیت اور شمولیاتی ترقی کا عکاس ہے ۔

منوج سنہا نے جموں کشمیر میں مختلف سیکٹروں میں جاری ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی تفصیل سے ذکرکیا۔ واضح رہے کہ آج بجٹ اجلاس کے دوسرے دن کی کاروائی ہوگی ۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کھیلو انڈیا ونٹر گیمز 2025 کے سلسلے میں ایک ویب سائٹ لانچ کی ہے ۔ یہ کھیل مشہور سیاحتی مقام گلمرگ میں نو سے 12 مارچ تک کھیلے جائیں گے ۔

سپورٹس کونسل کی سیکریٹری نزہت گُل نے کہا ہے کہ سرمائی کھیلوں میں شرکت کرنے والی ٹیموں کی آمد سات مارچ کو ہو گی ۔ انہوں نے کہا کہ لانچ کی گئی ویب سائٹ پر اِن کھیلوں کے بارے میں ہر وقت جانکاری دستیاب رہے گی ۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے کہاہے کہ سرکار جموں کشمیر میں ہیلتھ سیکٹر کے بنیادی ڈھانچے کو اپگریڈ کرنے کے لئے پُر عزم ہے ۔ انہوں نے کہا کہ دیہی اور دور افتادہ علاقوں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے عوام کو طبی نگہداشت کی معیاری سہولیات فراہم کی جائیں گی ۔

وہ جموں میں روگی کلیان سمیتی کی ایک میٹنگ میں بول رہے تھے ، جس دوران انہوں نے سب ضلع اسپتال نو شہرہ کی کارگزاری کا جائزہ لیا ۔

بھارتی چناو کمیشن

بھارتی چناو کمیشن نے جموں کشمیر میں 18 ویں لوک سبھا کے انتخابات کامیابی کے ساتھ منعقد کرانے کے صلے میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کی خدمات کی زبردست پذیرائی کی ہے ۔ اس سلسلے میں انہیں مثالی قیادت کے سند سے نوازا گیا ہے ، جو ملک کے چیف الیکشن کمشنر اور دو انتخابی کمشنروں کی طرف سے دستخط شدہ ہے ۔

واضح رہے کہ یوٹی میں 1989 کے بعد پہلی مرتبہ عام انتخابات میں 58 اعشاریہ ایک ایک فیصد پولنگ درج کی گئی ،جو کہ 2019 کے لوک سبھا چناو کے مقابلے میں 14 فیصد زیادہ ہے ۔

DGP

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات نے پولیس کنٹرول روم سرینگر میں پولیس کے سینئر افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کی سیکورٹی صورتحال اور جرائم سے نمٹنے کی حکمتِ عملیوں کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے قانون نافذ کرنے اور سیکورٹی کاروائیوں میں بین ضلعی تال میل بڑھانے کی ضرورت کو ہدایت دی کہ وہ مختلف قسم کے جرائم روکنے کے لئے SSP's نے ضلع DGP اجا گر کی ۔ بہتر حکمت عملی سے کام کریں ۔

کشمیر وی کے بردی اوردیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی ۔ IGP میٹنگ میں

قوت سماعت

عالمی دن کے موقعہ پر ہر سال تین مارچ کو کانوں کی صحت اور قوت سماعت سے متعلق بہرے پن کی وجوہات اور اس سے بچاو کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کی جا تی ہے ۔

شعبے کے پروفیسر اور سربراہ ENT اس دن کی نسبت سے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگرمیں ڈاکٹر منظور احمد لٹو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

3R

فورم کے اجلاس Economy اینڈ سرکیولر Rراجستھان کے جے پور میں جاری بارہویں علاقائی 3 میں جموں کشمیر توجہ کا مرکز بنا رہا ۔ اجلاس کے دوران یوٹی نے کچرے کو ٹھکانے لگانے پروسیسنگ یونٹ بھی Weed کے اختراعی نظام کی نمائش کی ، جس میں مشہور جھیل ڈل کا شامل ہے ۔

اس موقعہ پر سرینگر سمارٹ سٹی لمیٹڈ نے مفاہمت کی ایک یاداشت پر دستخط بھی کئے اور یہ شہر بنایا جا ئے گا ۔ اجلاس میں Landfill جانکاری دی گئی کہ 2030 تک سرینگر کو ایک زیرو شرکت کر رہے جموں کشمیر کے وفد کی قیادت محکمہ مکانات و شہری ترقی کے سینئر عہدیدار کر رہے ہیں۔

موسم

وادی میں آج دوسرے روز بھی مطلع ابر آلود ہے اور بعض علاقوں میں دوران شب ہلکی بارش ہوتی رہی جبکہ سرینگر کی مشہور زبرون پہاڑی اور وادی کے دیگر بالائی علاقوں میں تازہ برف باری ہوئی ۔

شاہراہ

اِدھر سرینگر جموں قومی شاہراہ تازہ موسمی صورتحال کے نتیجے میں فی الحال ٹریفک کیلئے بند ہے۔ حالانکہ شاہراہ کو بحال کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ شاہراہ کی بحالی تک اس پر سفر کرنے سے گریز کریں۔

اُدھر سرینگر سونہ مرگ روڈ// بھدرواہ-چھمبا روڈ اور /مغل روڈ بھی ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 2 اعشاریہ 5ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ